سوال

(43)اگرایک سالہ بچہ گود میں پشاب کر جائے تو کیا حکم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی کا ایک سالہ لڑکا گود میں پیشاب کر دے اور اس کے پاس کوئی دوسرا کپڑا نہ ہو اور سردی کے موسم میں دھونے سے بیماری کا اندیشہ ہو تو کیا اس کپڑے میں نماز پڑھ سکتے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پڑھ سکتے ہیں، ایک حدیث کی رو سے تو دودھ پیتے بچے کے پشاب پر چھینٹے ماردینا بھی جائز ہے اور اُسی سے کپڑا پاک ہو جاتا ہے۔

فتاویٰ علمائے حدیث

[کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 46]

محدث فتویٰ